**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X EXAMINATION**

**MAY 2015**

**Islamiyat Paper II**

**Time: 1 hour 30 minutes    Marks:30**

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

2۔ خصوصی ہدایت: اس پرچے میں کُل چھے سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 6 میں دو انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی ایک حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔ اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 6 نمبر)

(الف) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا مِنَ الْآخِرَةِ۔۔۔ (سورۂ ممتحنہ آیت 13)

درج بالا آیت میں اللہ تعالیٰ نے کن لوگوں سے دوستی کرنے کو منع کیا ہے نیز ہم کس طرح اس پر عمل پیرا ہو سکتے ہیں؟ **تین نکات** تحریر کیجیے (3 نمبر)

(ب) فَلَمَّا قَضَىٰ زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنَاكَهَا لِكَيْ لَا يَكُونَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ حَرَجٌ فِي أَزْوَاجِ أَدْعِيَائِهِمْ إِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ۚ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ مَفْعُولًا۔ (سورۂ احزاب آیت 37)

درج بالا آیت میں حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے جو باتیں بیان کی ہیں۔ **تین نکات** میں اُن کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

سوال۔2 (کل 6 نمبر)

(الف) مَنْ تَخَطّٰی رِقَابَ النّاسِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ اِتَّخَذَ جَسْراً اِلٰی جَهَنَّمَ۔ (حدیث نمبر 13)

اِذَا اُقِیْمَتِ الصّلٰوۃُ فَلَا تَاتُوْهَا تَسْعَوْنَ وَاتُوْهَا تَمْشُوْنَ وَعَلَیْکُمُ السَّکِیْنَةُ فَمَا اَدْرَکْتُمْ فَصَلُّوْا وَمَا فَاتَکُمْ فَاَتِمُّوْا۔ (حدیث نمبر 14)

نشاندہی کیجیے کہ درج بالا دونوں احادیث میں کس عمل کی طرف اشارہ ہے اور اس عمل کی اہمیت بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَقَامَهٗ اِیْمَاناً وَّاِحْتِسَاباً غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ۔ (حدیث نمبر 15)

درج بالا حدیث کی روشنی میں بتایئے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں انسانوں کے گناہ کس طرح معاف ہو سکتے ہیں؟ (3 نمبر)

براہِ کرم صفحہ الٹیے

سوال۔3 (کل4نمبر)

وضو اور غسل کے **چار** فوائد تحریر کیجیے۔

سوال۔4 (کل4نمبر)

قرآنِ کریم میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے

ترجمہ: " ان دونوں کو اُف تک نہ کہنا اور نہ ہی انہیں جھڑکنا اور ان سے نرمی سے بات کرنا اور عجز و نیاز سے اُن کے آگے جھکے رہو اور ان کے حق میں دُعا کرو کہ اے پروردگار جیسا انھوں نے مجھے بچپن میں (شفقت سے) پرورش کیا ہے تو بھی اُن کے حال پر رحم فرما۔" (سورۂ بنی اسرائیل آیت 23-24)

درج بالا قرآنی آیت کے ترجمے کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے یہ بتائیے کہ بہ حیثیت اولاد آپ اپنے والدین کے حقوق کس انداز میں ادا کر سکتے ہیں؟ اپنی بات کی وضاحت **چار** نکات میں کیجیے۔

سوال۔5 (کل 4 نمبر)

سیّد امیر علی کی کوئی **چار** علمی اور ادبی خدمات بیان کیجیے۔

سوال۔ 6 (کل 6 نمبر)

(الف) آپ کے خیال میں صبر کی کیا اہمیت ہے نیز بتائیے کہ اسلامی تعلیمات میں صبر کی ترغیب کیوں دی گئی ہے؟ اپنے جواب میں ایک قرآنی آیت کا حوالہ شامل کیجیے۔

**یا**

(ب) ایک خاندان کے افراد میں اچھے تعلقات کس طرح استوار ہو سکتے ہیں؟ **تین** مثالوں کے ذریعے وضاحت کیجیے۔

اختتام

# Please use this page for rough work

# Please use this page for rough work